مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَۃُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَۃِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

تیسرا حصّہ

منبع وحی وتنزیل سے سیراب شدہ سیدۃ النساء العالمین
اور پاک ومطہر پیشواؤں کی والدہ ماجدہ

حضرت فاطمہ زہراء

علیہا السلام کے مناقب وفضائل میں سے ایک

قطرہ

خدا کے نام سے جس نے نور کو روشنی عطا فرمائی ہے، اس خدا کے نام سے جو نور پر نور ہے، اس خدا کے نام سے جس نے نور سے نور پیدا کیا، تمام حمد وثنا اس خدا کے لیے ہے جس نے نور کو نور سے خلق فرمایا، نور کو کوہ طور پر نازل کیا، جو کتاب میں تحریر شدہ ہے، کاغذ پر پھیلایا گیا، اور بیت معمور سقف مرفوع ورائے متلاطم اور نبی مکرم پر ایک اندازے کے مطابق نازل کیا، اس خداوند متعال کے نام سے جس کا ذکر عزت وتعظیم سے کیا جاتا ہے، جو اچھائی اور خیر کی وجہ سے مشہور ہے، اور خوشی وغمی کی حالت میں اس کا شکر ادا کیا جاتا ہے"

سلمان کہتے ہیں: میں نے یہ دعا حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا سے یاد کی اور شہر مدینہ میں رہنے والے ایک ہزار (۱۰۰۰) ایسے افراد کو تعلیم دی جنہیں بخار آتا تھا، وہ تمام کے تمام لوگ جب یہ دعا پڑھتے تو اذن پروردگار سے شفایاب ہو جاتے۔ (الثاقب فی المناقب صفحہ ۲۹۷ جلد ۳)

چادر زہراءؑ یہودی کے گھر میں

(۹۰۴-۱۵) مذکورہ کتاب میں مرقوم ہے کہ روایت ہوئی ہے:

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے ایک یہودی سے کوئی چیز بطور قرض لی، یہودی نے اس چیز کے عوض اپنے پاس کوئی چیز بطور رہن رکھنے کی درخواست کی۔ حضرت علی علیہ السلام نے جناب سیدہ زہراء علیہا السلام کی ایک چادر بطور گروی رکھ دی جو پشم سے بنی ہوئی تھی۔

یہودی وہ چادر اپنے گھر لے گیا اور کمرے کے درمیان رکھ دی، جب رات ہوئی اور ہر طرف تاریکی چھا گئی تو یہودی کی بیوی کسی کام سے اس کمرے میں داخل ہوئی، کیا دیکھتی ہے کہ وہ کمرہ نور کی لپیٹ میں ہے، وہ فوراً اپنے شوہر کے پاس آئی اور اس واقعہ سے آگاہ کیا۔

وہ یہودی شخص چونکہ بھول چکا تھا کہ اس کے گھر میں جناب سیدہ کی چادر ہے، وہ

پریشان ہو گیا، وہ جلدی سے اٹھا اور کمرے میں داخل ہو گیا، اچانک کیا دیکھتا ہے کہ اس چادر سے پھوٹنے والے نور نے پورے کمرے کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے، گویا کہ اس سے نکلنے والی شعاعیں چودھویں کے چاند سے روشن تر تھیں۔

یہودی چونکہ اس واقعہ سے حیران تھا اس نے اس جگہ کی بڑی باریکی سے جانچ پڑتال کی، جہاں پر چادر رکھی ہوئی تھی، وہ سمجھ گیا کہ یہ نور حضرت زہراء علیہا السلام کی چادر سے چمک رہا ہے، وہ کمرے سے باہر آیا اور جلدی سے اپنے رشتہ داروں کی طرف چل دیا، جبکہ اس کی بیوی اپنے رشتہ داروں کو بتانے چلی گئی، سب کو اس کمرے میں اکٹھا کیا اس رات (۸۰) یہودی اس گھر میں اکٹھے ہوئے اور یہ منظر دیکھا، یہ منظر دیکھنے کے بعد وہ تمام کے تمام مسلمان ہو گئے تھے۔ (الثاقب فی المناقب، صفحہ ۳۰۱ جلد ۲، الخرائج جلد ۲ صفحہ ۵۳۸، بحار جلد ۴۳ صفحہ ۳۰)

فاطمہؑ کے حق میں رسول خداؐ کی دعا

(۹۰۵-۱۶) کتاب ''خرائج'' میں روایت نقل ہوئی ہے کہ عمران بن حصین کہتے ہیں:

میں پیغمبر اکرمؐ کی خدمت میں موجود تھا کہ حضرت فاطمہ زہراءؑ تشریف لائیں جبکہ اس وقت آپ کم سن تھیں۔ شدت بھوک سے ان کے چہرے کا رنگ دگرگوں تھا، رسول خداؐ نے ان سے فرمایا: میرے پاس آؤ۔

حضرت فاطمہ زہراءؑ اپنے والد گرامی کے پاس تشریف لے گئیں، آپ نے اپنا دست مبارک بلند کیا اور سینے پر رکھتے ہوئے فرمایا:

اللھمّ شبع الجاعة ورافع الوضعية، لاتجع فاطمة بنت محمدؐ

''اے میرے معبود! جو بھوکوں کا پیٹ بھرتے ہو اور متواضع لوگوں کو بلند مرتبہ عطا کرتے ہو! محمدؐ کی بیٹی فاطمہ کو بھوکا نہ رکھ''

عمران کہتے ہیں: جونہی پیغمبر خدا نے یہ دعا ختم کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت فاطمہ زہراءؑ کے چہرے پر خون کی گردش شروع ہو گئی جو چہرے کی زردی پر غالب آ گئی اور